	افعال	دینا، لانا.
417_	قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ط وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (258) البقرۃ	
فَاْتِ		
418_	اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ط سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (1) النَّحل	
اَتٰۤى		
419_	يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ (111) النَّحل	
تَاْتِيْ		
420_	اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَ تَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ط فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (29) الْعَنْكَبُوْت	
تَاْتُوْنَ		
421_	وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (23) الْبَقَرَة	
فَاْتُوْا		
422_	قَالَ يٰمُوْسٰۤى اِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ ۖ فَخُذْ مَاۤ اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ (144) الْاَعْرَاف	
اٰتَيْتُكَ		

423_ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (201) الْبَقَرَة	
اٰتِنَا	
424_ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (268) يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ط وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ (269) الْبَقَرَة	
يُّؤْتِي	
يُّؤْتَ	
425_ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ (11) الْمُجَادَلَة	
اُوْتُوا	

149

ء ب ی	ض	انکار کرنا	426_ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ (34) البقرة 427_ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ (32) التَّوْبَة
اَبٰى			
يَاْبَى			

150

ء س ی	س	غمگین ہونا	428_ قَالَ رَبِّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ (25) قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ج يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ط فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ (26) الْمَآئِدَة 429_ مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ط اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ج (22) لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ط وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ لا (23) الْحَدِيْد

			430_ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ج اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ (92) فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ ج فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ (93) الْأَعْرَاف
تَاْسَ			
تَاْسَوْا			

151

ء ذ ی	افعال	ایذا دینا	431_ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ-- (195) آل عِمرَان 432_ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ -- وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (61) التَّوْبَة 433_ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ-- (10) الْعَنْكَبُوْت 434_ وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا ط اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا (53) الْأَحْزَاب
اُوْذُوْا			
يُؤْذُوْنَ			
اُوْذِيَ			
اَنْ تُؤْذُوْا			

ء د ی	تفعیل	ادا کرنا	435_ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ج وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا۔۔ آلِ عِمرَان 436_ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ط فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ۔۔ الْبَقَرَة
يُؤَدِّ			
فَلْيُؤَدِّ			

اجوفِ یائی + مہموزاللام

ج ی ء	ض	آنا ,لانا	437_ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ (128) التَّوْبَة 438_ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ط فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ (71) الْبَقَرَة 439_ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا (48) الْكَهْف 440_ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ج فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (22) الْأَحْقَاف
جَآءَ			
جِئْتَ			
جِئْتُمُوْنَا			
اَجِئْتَنَا			

ش ی ء	ف	مقدر کرنا۔ چاہنا،	441_ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (19) الشُّوْرٰى 442_ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (29) التّکویر 443_ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّىْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (13) السَّجْدَة 444_ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ (40) حٰمٓ جو جی میں آئے کرو بیشک وہ تمہارے کام دیکھ رہا ہے 445_ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ۠ وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (35) سُوْرَةُ الْبَقَرَة 446_ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْىَ قَالَ يٰبُنَىَّ اِنِّىْٓ اَرٰى فِى الْمَنَامِ اَنِّىْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ۭ قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۡ سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ (102) سُوْرَةُ الصَّافّات 447_ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ (35) سُوْرَةُ الْأَنْعَام
يَّشَآءُ			
تَشَآءُوْنَ			
شِئْنَا			
شِئْتُمْ			
شَآءَ			

155

ف ی ء	ض	لوٹ آنا	448_ وَاِنۡ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اقۡتَتَلُوۡا فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَهُمَا ۚ فَاِنۡۢ بَغَتۡ اِحۡدٰٮهُمَا عَلَى الۡاُخۡرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِىۡ تَبۡغِىۡ حَتّٰى تَفِىۡٓءَ اِلٰٓى اَمۡرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنۡ فَآءَتۡ فَاَصۡلِحُوۡا بَيۡنَهُمَا بِالۡعَدۡلِ وَاَقۡسِطُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡنَ (9)
تَفِىۡٓءَ			

156

ھ ی ء	تفعیل	درست ہونا، تیار ہونا، مہیّا کرنا	449_ اِذۡ اَوَى الۡفِتۡيَةُ اِلَى الۡكَهۡفِ فَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا (10) الۡكَهۡف 450_ وَاِذِ اعۡتَزَلۡتُمُوۡهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُوۡنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاۡوٗۤا اِلَى الۡكَهۡفِ يَنۡشُرۡ لَـكُمۡ رَبُّكُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِهٖ وَيُهَيِّئۡ لَـكُمۡ مِّنۡ اَمۡرِكُمۡ مِّرۡفَقًا (16) الۡكَهۡف

157

ف ی ء	تفعّل	سائے کا پلٹنا، درخت کا سایہ لینا	451_ اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡيَمِيۡنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمۡ دٰخِرُوۡنَ (48) النَّحۡل
يَّتَفَيَّؤُا			

مہموز العین + ناقصِ یائی

158

ر ء ی	ف	دیکھنا	452_ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ (1) الْفِيل 453_ اَرَءَيْتَ الَّذِیْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ (1) الماعون 454_ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ (3) الْمُلْك 455_ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ (55) الْبَقَرَة 456_ مَا تَرٰى فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ (3) الْمُلْك 457_ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْۤ اَنْظُرْ اِلَيْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ --(143) الْأَعْرَاف 458_ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ يٰبُنَیَّ اِنِّیْۤ اَرٰى فِی الْمَنَامِ اَنِّیْۤ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰۤاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیْۤ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ (102 الصَّافَّات 459_ وَقَالَ الشيطٰن اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْكُمْ اِنِّیْۤ اَرٰى مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّیْۤ اَخَافُ اللّٰهَ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۫ (48) الْأَنْفَال 460_ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی السَّمٰوٰتِ -- (4) الْأَحْقَاف
اَلَمْ تَرَ			
رَءَيْتَ			
تَرٰى			
نَرٰى			
لَنْ تَرٰىنِیْ			
اَرٰى			
تَرَوْنَ			

ر ء ی	افعال	دکھانا	
			461_ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی-۔ (260) الْبَقَرَۃ 462_ هُوَ الَّذِیْ یُرِیْكُمْ اٰیٰتِهٖ وَیُنَزِّلُ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ط وَمَا یَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ یُّنِیْبُ (13) الْمُؤْمِن 463_ وَكَذٰلِكَ نُرِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ (75) الْاَنْعَام 464_ قُلْ اَرَءَیْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِیْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِی السَّمٰوٰتِ-۔ (4) الْاَحْقَاف 465_ كَذٰلِكَ یُرِیْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَیْهِمْ-۔ (167) الْبَقَرَۃ 466_ لِتَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ -- (105) --النِّسَآء 467_ فَقَالُوْٓا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً -۔ (153) النِّسَآء 468_ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْكَ ط قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ --(143) الْاَعْرَاف
اَرِنِیْ			
یُرِیْكُمْ			
نُرِیْٓ			
اَرُوْنِیْ			
یُرِیْهِمُ			
اَرٰىكَ			
اَرِنَا			

مثالِ یائی + مہموزالعین

160

ی ء س	س	ناامید ہونا	469_ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ط اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ (87) يُوْسُف 470_ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ -- (3) الْمَآئِدَة
لَا تَايْـَٔسُوْا			
يَايْـَٔسُ			

اجوفِ واوی + مہموزاللام

161

ن و ء	ن	مشکل سے اٹھانا، بوجھل کرنا، جھکا دینا	471_ اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ (76) الْقَصَص
لَتَنُوْٓاُ			

مہموز الفاء + اجوفِ واوی + ناقصِ یائی

162 ء و ی، (ض) بمعنی پناہ دینا، پناہ لینا، ٹھکانا دینا

472_ قَالَ لُوْطٌ لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِیْٓ اِلٰی رُکْنٍ شَدِیْدٍ (80) هُوْد
473_ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰٓی اِلَیْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّیْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (69) یُوْسُف
474_ اِذْ اَوَی الْفِتْیَةُ اِلَی الْکَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا (10) الكهف
475_ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْیَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰیَةً وَّ اٰوَیْنٰهُمَآ اِلٰی رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِیْنٍ (50) الْمُؤْمِنُوْن
476_ قَالَ ولدُنوحٍ سَاٰوِیْٓ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ ط قَالَ نوحٌ لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ج وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَکَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ (43) هُوْد

اٰوِیْٓ	
اٰوٰی	
اَوٰی	
اٰوَیْنٰهُمَآ	
سَاٰوِیْٓ	

نوٹ: گو کہ اس دستاویز کا مقصد صرف غیر صحیح صیغہ جات کو جمع کر کے اُن میں تبدیلی کے قواعد کا اطلاق ہے، البتہ آسانی کے لئے کچھ ابتدائی معلومات بطورِ حوالہ پیش کرنا مناسب ہے، تا کہ تمارین حل کرتے وقت اصطلاحات و قواعد جاننے کے لئے کوئی دوسری کتاب اٹھانے کی ضرورت نہ پڑے۔

اصطلاحات

1	ہفت اقسام	صحیح	وہ کلمہ جس کا کوئی حرفِ اصلی، نہ حرفِ علت ہو، نہ ہمزہ، نہ اس میں دو حروف ایک جنس کے ہوں	
2		مہموز	وہ کلمہ جس کا کوئی حرفِ اصلی، ھمزہ ہو۔	
			مَهْمُوْزُ الْفَاء	اگر ہمزہ فاء کلمہ میں ہو تو اُسے مَهْمُوْزُ الْفَاء کہتے ہیں جیسے: أَكْلٌ
			مَهْمُوْزُ الْعَيْن	اگر ہمزہ عین کلمہ میں ہو تو اُسے مَهْمُوْزُ الْعَيْن کہتے ہیں جیسے: رَأْسٌ
			مَهْمُوْزُ اللَّام	اگر ہمزہ لام کلمہ میں ہو تو اُسے مَهْمُوْزُ اللَّام کہتے ہیں جیسے: قَرَءَ
3		مضاعف	وہ کلمہ جس میں دو حروف اصلیہ ایک جنس کے ہوں۔ جیسے: مَدٌّ (یہ اصل میں مَدَدٌ تھا۔)	
4		مثال	وہ کلمہ جس کا فاء کلمہ حرف علت ہو۔ اِسے ''مُعْتَلُّ الْفَاءَ بھی کہتے ہیں۔	
			مثالِ واوی	اگر وہ حرف علت ''واؤ'' ہو تو اُس کلمہ کو ''مثالِ واوی جیسے وَعْظٌ
			مثالِ یائی	اور اگر ''یاء'' ہو تو اُسے ''مثالِ یائی'' کہتے ہیں۔ جیسے یَتِمٌ
5		اجوف	وہ کلمہ جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ اِسے ''مُعْتَلُّ الْعَيْن بھی کہتے ہیں۔	
			اجوفِ واوی	اگر وہ حرف علت ''واؤ'' ہو تو اُس کلمہ کو اجوفِ واوی جیسے صَوْمٌ
			اجوفِ یائی	اور اگر ''یاء'' ہو تو اُسے اجوفِ یائی جیسے غَيْبٌ
6		ناقص	وہ کلمہ جس کا لام کلمہ حرف علت ہو۔ اِسے مُعْتَلُّ اللَّام'' بھی کہتے ہیں۔	
			ناقصِ واوی	اگر وہ حرف علت ''واؤ'' ہو تو اُس کلمہ کو اجوفِ واوی جیسے عَفْوٌ
			ناقصِ یائی	اور اگر ''یاء'' ہو تو اُسے اجوفِ یائی جیسے مَشْيٌ
7		لفیف	وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں دو حروف علت ہوں۔ جیسے طَيٌّ، وَلْيٌ	
			لفیفِ مقرون	اگر دونوں حروف علت ملے ہوئے ہوں تو اس کلمہ کو لفیف مقرون کہتے ہیں۔ جیسے طَيٌّ (طَيْيٌ)
			لفیفِ مفروق	اگر دونوں حروف علت ملے ہوئے نہ ہوں بلکہ درمیان کوئی حرف صحیح ہو تو اسے لفیف مفروق کہتے ہیں۔ جیسے وَلْيٌ

8	حروف علت	واؤ، الف اور یاء حروفِ علّت ہیں، الف اور ہمزہ دو الگ الگ حروف ہیں۔ ہمزہ حروف علت میں سے نہیں۔
9	حروف مدہ	حروفِ مدّہ تین ہیں:- 1. واؤ ساکن ما قبل پیش، جیسے سُوْءٌ 2. یاء ساکن ما قبل زیر، جیسے بِیْعَ 3. الف جو کہ ساکن ہی ہوتا ہے اور ما قبل ہمیشہ زبر ہی ہوتا ہے، جیسے شَاءَ
10	یائے تصغیر	اسم کے معنی میں کمی یا زیادتی پیدا کرنے کے لئے اسم کے دوسرے حرف کے بعد جو یاء ساکن لگایا جاتا ہے اسے یائے تصغیر کہتے ہیں۔ اور اس عمل کو تصغیر کرنا کہتے ہیں جیسے • رَجُلٌ آدمی اور رُجَیْلٌ چھوٹا آدمی • قِرشٌ مچھلی اور قُرَیْشٌ بڑی مچھلی
11	اِعلال	حروف علت میں تبدیلی کرنا۔
12	اِبدال	ایک حرف کو دوسرے حرف سے بدلنا۔
13	تخفیف	ہمزہ میں تبدیلی کرنا۔
14	اِدغام	دو ہم جنس حروف کو ملا کر تشدید دینا۔ کسی کلمہ میں ایک جنس کے دو حروف کے ایک ساتھ آنے کی وجہ سے جو ثقل پیدا ہوتا ہے اسے ادغام کے ذریعہ دور کیا جاتا ہے۔
15	حذف	کلمے سے کسی حرف کو گرانا۔
16	اِسکان	کسی حرف سے حرکت گرا کر ساکن کرنا۔

ہمزہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) ہمزہ اصلیہ (۲) ہمزہ زائدہ۔

ہمزہ اصلیہ کی تعریف:

وہ ہمزہ جو (فاء، عین یا لام) کلمہ کے مقابلے میں آئے۔ جیسے: اَخَذَ کا ہمزہ۔۔ جو کہ فاء کلمہ میں ہے
کسی قاعدے کے تحت ہمزہ کو حذف کرنا یا اُس کی جگہ کوئی دوسرا حرف لانا تخفیف لہلاتا ہے۔

❖ اگر کلمہ میں ایک ہمزہ ہو تو اس کی **تخفیف جائز** اور اگر دو ہمزہ ہوں تو اس کی **تخفیف واجب** ہوتی ہے۔

ہمزہ زائدہ کی تعریف:

وہ ہمزہ جو (فاء، عین یا لام) کلمہ کے مقابلے میں نہ آئے۔ جیسے: أَكْرَمَ کا ہمزہ۔۔ کیونکہ اس کا مادّہ ك، ر، م ہے۔
پھر ہمزہ زائدہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) ہمزہ قطعیہ (۲) ہمزہ وصلیہ۔

ہمزہ قطعیہ کی تعریف:

وہ ہمزہ زائدہ جو اپنے ما قبل سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں نہ گرے۔ جیسے: أَحْمَدُ کا ہمزہ۔

ہمزہ وصلیہ کی تعریف:

وہ ہمزہ زائدہ جو اپنے ما قبل سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں گر جائے۔ مثلًا: اِسْمٌ کا ہمزہ۔ جیسے اِسْمُ اللهِ سے فِيْهَا اسْمُ اللهِ

ہمزہ قطعیہ	ہمزہ وصلیہ
مندرجہ ذیل ہمزے اپنے ما قبل سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں نہیں گرتے:-	مندرجہ ذیل ہمزے اپنے ما قبل سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں گر جاتے ہیں:-
1) اسم تفضیل کا ہمزہ۔ جیسے: أَفْعَلُ، اَسْوَدُ، اَكْبَرُ	1) حرف تعریف (اَلْ) کا ہمزہ، اَلشَّمْسُ سے وَالشَّمْسُ
2) اَعلام (ناموں) کا ہمزہ۔ جیسے: اِسْحٰقُ، اِبراھیم	2) فعل امر حاظر معروف کا ہمزہ، اِتَّقُوْا الله سے فَاتَّقُوْا الله
3) جمع کا ہمزہ۔ جیسے: أَشْرَافٌ، اَنْوَارٌ	3) ہمزہ والے ابواب کے مصدر، ماضی اور امر کا ہمزہ، جیسے باب اِفعال کا ماضی اَفْلَحَ سے قَدْ اَفْلَحَ
4) باب اِفعال کا ہمزہ۔ جیسے: اِكْرَامٌ، اَكْرَمَ	4) درج ذیل اسماء کا ہمزہ بھی ملا کر پڑھنے میں گر جاتا ہے:
5) صیغہ واحد متکلم کا ہمزہ۔ جیسے اَشْهَدُ	

❖ حرف تعریف (اَلْ) کے علاوہ باقی تمام حروف کا ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے۔ جیسے : اِنَّ، اَنَّ وغیرہ	○ اِبْنٌ، اِبْنَةٌ کا ہمزہ جیسے اِبْنَ مَرْیَمَ سے عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ ○ اِسْمٌ کا ہمزہ جیسے اِسْمُ اللهِ سے فِیْهَا اسْمُ اللهِ ○ اِثْنَانِ، اِثْنَتَانِ کا ہمزہ ○ اِمْرَءٌ، اِمْرَأَةٌ کا ہمزہ

ہمزہ کو لکھنے کے طریقے:

1. اگر ہمزہ کلمے کے شروع میں ہو تو اسے الف کی شکل میں لکھتے ہیں، جیسے

- اَکْرَمَ، اُکْرِمَ، اِکْراماً

2. ہمزہ ساکن، ماقبل متحرک:-

اگر ہمزہ ساکن کلمے کے درمیان میں ہو تو اس کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے لکھتے ہیں، جیسے

- یَءْکُلُ کو یَأْکُلُ،
- یُءْمِنُ کو یُؤْمِنُ،
- بِءْسَ کو بِئْسَ۔

3. ہمزہ متحرک، ماقبل ساکن

اگر ہمزہ متحرک، کلمے کے درمیان میں ہو اور اُس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کو اپنی خود کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے لکھتے ہیں۔

جیسے

- یَسْءَلُ کو یَسْأَلُ
- یَلْءُمُ کو یَلْؤُمُ
- یُسْءِمُ کو یُسْئِمُ

4. ہمزہ آخر، ماقبل ساکن

اگر ہمزہ ، کلمے کے آخر میں ہو اور اُس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کو الگ لکھتے ہیں۔ جیسے

- خَبْءٌ، خَبْءٍ، خَبْئًا

5. ہمزہ آخر، ماقبل متحرک

اگر ہمزہ ، کلمے کے آخر میں ہو اور اُس کا ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کو الگ لکھتے ہیں۔ جیسے

- قَرَءَ کو قَرَأَ
- یُقْرِءُ کو یُقْرِئُ
- جَرُءَ کو جَرُؤَ

الف کو لکھنے کے طریقے:

1. کلمے کے آخر میں جو الف، واؤ سے تبدیل ہو کر آیا ہو، اس کو الف ہی لکھیں گے، جیسے
    - دَعَوَ کو دَعَا
2. کلمے کے آخر میں جو الف، یاء سے تبدیل شدہ ہو، اس کو یاء کی شکل میں لکھتے ہیں، جیسے
    - یُدْعَوُ سے یُدْعَیُ سے یُدْعَا کو یُدْعٰی اور یُدْعَی
    - رَمَیَ سے رَمَا کو رَمٰی اور رَمَی

مہموز کے قواعد

قاعدہ ۔1 : اَءْمَنَ سے اٰمَنَ

- اگر کسی کلمے میں دو ہمزے ایک ساتھ آجائیں
- پہلا مفتوح دوسرا ساکن ہو تو
- دوسرے ہمزہ کو الف سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے : اَءْمَنَ سے اٰمَنَ

قاعدہ ۔2 : أُءْمِنَ سے اُوْمِنَ

- اگر کسی کلمے میں دو ہمزے ایک ساتھ آجائیں
- پہلا مضموم، دوسرا ساکن ہو تو
- دوسرے ہمزہ کو واو سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے : أُءْمِنَ سے اُوْمِنَ

قاعدہ ۔3 : اِءْمَانٌ سے اِیْمَانٌ

- اگر کسی کلمے میں دو ہمزے ایک ساتھ آجائیں
- پہلا مکسور، دوسرا ساکن ہو تو
- دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے : اِءْمَانٌ سے اِیْمَانٌ

قاعدہ ۔4 : جَاءِئٌ سے جَآءٍ

- اگر کسی کلمے میں دو ہمزے ایک ساتھ آجائیں
- اور دونوں میں سے ایک مکسور ہو تو
- دوسرے ہمزہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔
- مثلاً

1	جَآءٍ اصل میں (جَاءِیٌ) تھا
2	''ی''الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی تو اسے ہمزہ سے بدل دیا۔ جَآءِءٌ ہو گیا،
3	اب دو ہمزہ ایک ساتھ آئے جن میں ایک مکسور تھا لہٰذا دوسرے ہمزہ کو اِئْمَانٌ کے قاعدے کے تحت ''ی'' سے بدل دیا۔ تو (جَآءِیٌ) ہو گیا،
4	اب ''ی'' پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے (ی) کو ساکن کر دیا تو جَآءِیْنٌ ہو گیا،
5	پھر اجتماع ساکنین کے سبب (ی) کو گرادیا؛ لہٰذا (جَآءٍ) ہو گیا۔

قاعدہ ۔5: سُؤَالٌ سے سُوَالٌ

اگر ہمزہ مفتوحہ سے پہلے ضمہ ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدلنا جائز ہے ۔

جیسے: سُؤَالٌ سے سُوَالٌ

قاعدہ ۔6: مِئَرٌ سے مِیَرٌ

اگر ہمزہ مفتوحہ سے پہلے کسرہ ہو تو ہمزہ کو یاء سے بدلنا جائز ہے۔

جیسے : مِئَرٌ سے مِیَرٌ۔

قاعدہ ۔7: یَسْئَلُ سے یَسَلُ

اگر ہمزہ متحرکہ ہو اور اس کا ماقبل حرف (صحیح) ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ کو حذف کرنا جائز ہے۔

- جیسے: یَسْئَلُ سے یَسَلُ

اور

- قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَفْلَحَ۔

نوٹ: رَاٰی، یَرَی اور رُؤْیَةً کے تمام افعال میں یہ تینوں جوازی قواعد واجب ہوتے ہیں۔

قاعدہ ۔8: دَاْبٌ، لُوْمٌ، بِیْرٌ

اگر کسی کلمے میں کوئی ہمزہ ساکن ہو تو ہمزہ ساکنہ کو اس کے ماقبل حرف کی حرکت کے مطابق حرف علت سے بدلنا جائز ہے۔

- یعنی اگر ہمزہ ساکن کے ماقبل حرف پر فتحہ ہو تو اُس ہمزہ کو الف سے بدلنا جائز، جیسے: دَأْبٌ سے دَابٌ۔

- اور اگر ہمزہ ساکن کے ما قبل حرف پر ضمہ ہو تو اُس ہمزہ کو واو سے بدلنا جائز، جیسے: **لُؤْمٌ سے لُوْمٌ۔**
- اور اگر ہمزہ ساکن کے ما قبل حرف پر کسرہ ہو تو اُس ہمزہ کو یاء سے بدلنا جائز، جیسے: **بِئْرٌ سے بِیْرٌ**

قاعدہ ۔9: مَخْطُوْئَۃٌ ، خَطِیْئَۃٌ ، اُفَیْئِسٌ

جب ہمزہ سے قبل (واؤمدہ زائدہ) یا (یاء مدہ زائدہ) یا (یائے تصغیر آ جائے) تو ہمزہ کو ما قبل حرف کے ہم جنس کرنا جائز اور پھر دونوں کا ادغام کرنا واجب ہے۔ جیسے:

- **مَخْطُوْئَۃٌ سے مَخْطُوْوَۃٌ پھر مَخْطُوَّۃٌ،**
- **خَطِیْئَۃٌ سے خَطِیْیَۃٌ پھر خَطِیَّۃٌ،**
- **اُفَیْئِسٌ اُفَیْیِسٌ پھر اُفَیِّسٌ۔**

قاعدہ ۔10: ءَ اَلْاٰنَ سے اٰلْاٰنَ

جب دو ہمزہ ایک ساتھ آئیں اور دوسرا ہمزہ وصلیہ مفتوحہ ہو تو اسے الف سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے:

- **ءَ اَلْحَسَنُ سے اٰلْحَسَنُ، اور**
- **ءَ اَلْاٰنَ سے اٰلْاٰنَ۔**

قاعدہ ۔11: قِرَئْ ءٌ سے قِرَئْیٌ

جب دو ہمزہ ایک ساتھ آجائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو دوسرے ہمزہ کو (ی) سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے:

- **قِرَئْ ءٌ سے قِرَئْیٌ۔**

قاعدہ ۔12: اَءَ ادِمُ سے اَوَادِمُ

- اگر دو ہمزہ اکھٹے آجائیں
- اور ان میں سے کوئی بھی ہمزہ نہ مکسور ہو نہ ساکن،
- اور نہ ہی پہلا ہمزہ متکلم کا ہو تو
- دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے:
  - **اَءَ ادِمُ سے اَوَادِمُ اور**
  - **اَءَ ادِبُ سے اَوَادِبُ۔**

قاعدہ ۔13 : خَطَایِءُ سے خَطَایَا

اگر کوئی کلمہ مَفَاعِلُ کے وزن پر ہو

- اور ہمزہ مَفَاعِلُ کے الف کے بعد اور یاء سے پہلے واقع ہو تو اسے یاء مفتوحہ سے بدلتے ہیں۔ جیسے:
- خَطَایِءُ میں یاء الف جمع کے بعد اور ہمزہ سے ما قبل واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدلا تو خَطَاءِءُ ہو گیا،
- دو ہمزہ جمع ہو گئے اور ان میں سے ایک مکسور تھا، لہٰذا دوسرے کو (ی) سے بدل دیا تو خَطَائِیُ ہو گیا،
- اب مذکورہ قاعدے کے مطابق ہمزہ کو (ی) مفتوحہ سے بدلا خَطَایَیُ ہوا،
- پھر دوسری (ی) کو الف سے بدلا تو خَطَایَا ہو گیا۔

نوٹ:

کُلْ، خُذْ اور مُرْ اصل میں باب نَصَرَ سے (فعل امر صیغہ واحد مذکر حاضر) اُءْکُلْ، اُءْخُذْ اور اُءْمُرْ تھے،

- قاعدہ (أُئْمِنَ سے اُوْمِنَ) کے تحت اُوْکُلْ، اُوْخُذْ اور اُوْمُرْ ہونے چاہیے تھے،
- لیکن کثرت استعمال کی وجہ سے (اُءْکُلْ، اُءْخُذْ اور اُءْمُرْ) کے دوسرے ہمزہ کو گرا دیا، تو (اُکُلْ، اُخُذْ اور اُمُرْ) ہوئے،
- پھر ہمزہ وصلیہ کی ضرورت نہ رہی؛ لہٰذا اسے بھی گرا دیا تو یہ کُلْ، خُذْ اور مُرْ ہو گئے۔

مضاعف کے قواعد:

قاعدہ ۔14 : مَدَدَ سے مَدَّ

- جب دو ہم جنس حروف ایک ساتھ آجائیں،
- دونوں متحرک ہوں،
- اور پہلے کا ما قبل بھی متحرک ہو
- تو پہلے حرف کا دوسرے میں ادغام کرنا واجب ہے۔
  - جیسے مَدَدَ سے مَدَّ

قاعدہ ۔15 : حَاجَجَ سے حَاجَّ

- جب دو ہم جنس حروف ایک ساتھ آجائیں،
- دونوں متحرک ہوں،
- اور پہلے کا ما قبل مدّہ ہو
- تو پہلے حرف کا دوسرے میں ادغام کرنا واجب ہے۔
  - جیسے حَاجَجَ سے حَاجَّ

قاعدہ ۔16: یَمْدُدُ سے یَمُدُّ

- جب دو ہم جنس حروف ایک ساتھ آجائیں،
- دونوں متحرک ہوں،
- اور پہلے کا ما قبل حرف ساکن ہو
- تو پہلے حرف کی حرکت کو نقل کر کے ما قبل کو دے کر،
- دونوں ہم جنس حروف کا ادغام کرنا واجب ہے،
  - جیسے یَمْدُدُ سے یَمُدُّ، یُضْلِلُ سے یُضِلُّ

قاعدہ ۔17: دِنَّارٌ سے دِیْنَارٌ

- وہ اسم جو فِعَّالٌ کے وزن پر ہو، (جس میں دو عین کلمے ہوتے ہیں)
- اگر وہ مصدر نہ ہو تو
- اس کے پہلے عین کلمہ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے:
  - جیسے دِنَّارٌ سے دِیْنَارٌ۔

نوٹ: ادغام کی شرائط:

- ان میں سے کوئی حرف تعلیل کا تقاضا نہ کرتا ہو۔ جیسے: قَوِوَ۔ میں ادغام نہیں ہوگا۔
- دونوں حروف (یاء) نہ ہوں۔ جیسے: حَیِیَ۔ میں ادغام نہیں ہوگا۔
- دونوں حروف ایک ہی کلمے میں ہوں۔ یعنی مَکَّنَ نِیْ۔ میں ادغام نہیں ہوگا۔
- پہلا حرف، باب اِفْتِعَال کی (تاء) نہ ہو۔ جیسے: اِقْتَتَلَ۔ میں ادغام نہیں ہوگا۔

مثال کے قواعد:

قاعدہ ۔18: یَوْعِدُ سے یَعِدُ

یہ قاعدہ ایسے صیغے پر نافذ ہوتا ہے جس میں مندرجہ ذیل باتیں پائی جائیں:

- فاء کلمہ میں واؤ ہو، (جیسے یَوْعِدُ میں واؤ)
- واؤ سے پہلے علامتِ مضارع مفتوح ہو۔ (جیسے یَوْعِدُ میں یاء مفتوح)
- واؤ کے بعد عین کلمہ پر کسرہ ہو، (جیسے یَوْعِدُ میں ع مکسور)
- فعلِ مضارع معروف کا صیغہ ہو، (جیسے یَوْعِدُ باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے صیغہ واحد مذکر غائب۔)

تو واؤ کو حذف کرنا واجب ہے (یعنی یَوْعِدُ سے یَعِدُ)

دوسرے الفاظ میں یہ کہ

جو واؤ، علامت مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان واقع ہو اسے حذف کرنا واجب ہے۔

جیسے: یَوْلِدُ سے یَلِدُ۔ اور لَمْ یَوْلِدْ سے لَمْ یَلِدْ۔

نوٹ: اسی قاعدے کے تحت فعل امر سے واؤ حذف کرنا واجب ہے جیسے اِوْعِدْ سے عِدْ

قاعدہ ۔19: مِوْعَادٌ سے مِیْعَادٌ

واؤ ساکن ما قبل مکسور کو (ی) سے بدلنا واجب ہے۔

- بشرطیکہ وہ باب اِفْتِعَال کا فاء کلمہ نہ ہو، اور نہ مدغم ہو۔
- جیسے: مِوْعَادٌ سے مِیْعَادٌ،
- اور مِوْہَابٌ سے مِیْہَابٌ۔

قاعدہ ۔20: وَوَاعِدُ سے اَوَاعِدُ

- جب دو واؤ کلمے کے شروع میں آ جائیں،
- دونوں متحرک ہوں،
- تو پہلے واؤ کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے وَوَاعِدُ سے اَوَاعِدُ
- اور وُوَيْعِدُ سے اُوَيْعِدُ

قاعدہ ۔21: وُوْرِیَ سے اُوْرِیَ

- جب دو واؤ کلمے کے شروع میں آ جائیں،
- پہلا متحرک دوسرا ساکن ہو،
- تو پہلے واؤ کو ہمزہ سے بدل دینا جائز ہے۔
- جیسے: وُوْرِیَ سے اُوْرِیَ۔

قاعدہ ۔22: وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ

وہ واؤ جو کلمہ کے شروع میں ہو اور مفتوح نہ ہو اسے بھی ہمزہ سے تبدیل کر دینا جائز ہے۔

- جیسے: وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ، اور وُقِّتَتْ سے اُقِّتَتْ۔

قاعدہ ۔23: اِوْتَعَدَ سے اِتَّعَدَ

وہ واؤ جو باب اِفْتِعَال کے فاء کلمے میں آ جائے تو اسے تاء سے بدل کر تائے افتعال میں ادغام کرنا واجب ہے

- اِوْتَعَدَ سے اِتْتَعَدَ پھر اِتَّعَدَ۔

قاعدہ ۔24: اِيْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ

وہ یاء جو باب اِفْتِعَال کے فاء کلمے میں آ جائے تو اسے تاء سے بدل کر تائے افتعال میں ادغام کرنا واجب ہے

- اِيْتَسَرَ سے اِتْتَسَرَ پھر اِتَّسَرَ،

نوٹ: بابِ تَفَعُّل اور تَفَاعُل کے فاء کلمے میں (واؤ) یا (یاء) آجائے تو یہ قاعدہ جائز ہے۔البتہ ان ابواب میں پہلا حرف ساکن ہو جانے کی وجہ سے ابتداء میں ہمزہ وصلیہ لانا واجب ہے۔

جیسے	بابِ تَفَاعُل	میں (و،ھ،ب) سے	تَوَاہَبَ	سے	تَتَاہَبَ	سے	تّاہَبَ	سے	اِتّاہَبَ
اور	بابِ تَفَعُّل	میں (و،ھ،ب) سے	تَوَہَّبَ	سے	تَتَہَّبَ	سے	تّہَّبَ	سے	اِتّہَّبَ

قاعدہ ۔25: وُعِدَ سے اُعِدَ

جو واؤ مضموم کلمہ کے شروع میں آئے، اس کو ہمزہ سے بدلنا جائز ہے

- جیسے وُعِدَ سے اُعِدَ

قاعدہ ۔26: یُیْسَرُ سے یُوْسَرُ

- جو یاء ساکن ما قبل مضموم ہو تو یاء کو واؤ سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے یُیْسَرُ سے یُوْسَرُ

اجوف کے قواعد:

قاعدہ ۔27: قَوَلَ سے قَالَ

- واوٗ متحرک ما قبل مفتوح ہو تو واوٗ کو الف سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے قَوَلَ سے قَالَ

قاعدہ ۔28: بَيَعَ سے بَاعَ

- یاء متحرک ما قبل مفتوح ہو تو یاء کو الف سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے بَيَعَ سے بَاعَ

شرائط:

قَالَ / بَاعَ کے قواعد صرف اسی صورت میں جاری ہوں گے جب :-

- واوٗ یا یاء کا ما قبل (مفتوح حرف) اُسی کلمہ میں ہو۔ لہٰذا سَيَقُوْلُ میں یاء کو الف سے نہیں بدلیں گے؛ کیونکہ (س) اسی کلمہ میں نہیں ہے۔
- واوٗ کا ما قبل الف ساکن نہ ہو، جیسے قَاوَمَ میں واوٗ کو الف سے نہیں بدلیں گے۔
- وہ دونوں (واوٗ یا یاء) فاء کلمہ میں نہ ہوں۔ لہٰذا تَوَفّٰی، تَيَسَّرَ۔ میں واوٗ اور یاء کو الف سے نہیں بدلا جائے گا۔
- ان دونوں کے بعد تثنیہ یا جمع مؤنث سالم کا الف نہ ہو۔ جیسے : عَصَوَانِ، رَمَيَا، عَصَوَاتٌ۔
- ان دونوں کی حرکت عارضی نہ ہو۔ جیسے : لَوِ اسْتَنْصَرَ ، اس میں واوٗ کی حرکت عارضی ہے۔
- ان میں سے کوئی لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے : طَوٰی، حَيِيَ۔
- ان دونوں کے بعد مدہ زائدہ نہ ہو۔ جیسے : طَوِيْلٌ، غَيُوْرٌ، غَيَابَةٌ

قاعدہ ۔29: یَقْوُلُ سے یَقُوْلُ

- واؤ متحرک ماقبل ساکن (صحیح) ہو تو
- واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو ساکن کرنا واجب ہے۔
- جیسے یَقْوُلُ سے یَقُوْلُ

بشرطیکہ : واؤ مفتوح نہ ہو۔

قاعدہ ۔30: یَبْیِعُ سے یَبِیْعُ

- یاء متحرک ماقبل ساکن (صحیح) ہو تو
- یاء کی حرکت ماقبل کو دے کر یاء کو ساکن کرنا واجب ہے۔
- جیسے یَبْیِعُ سے یَبِیْعُ
- بشرطیکہ : یاء مفتوح نہ ہو۔

قاعدہ ۔31: یُقْوَلُ سے یُقَالُ

- واؤ مفتوح ماقبل ساکن (صحیح) ہو تو
- واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے یُقْوَلُ سے یُقَالُ

قاعدہ ۔32: یُبْیَعُ سے یُبَاعُ

- یاء مفتوح ماقبل ساکن (صحیح) ہو تو
- یاء کی حرکت ماقبل کو دے کر یاء کو الف سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے یُبْیَعُ سے یُبَاعُ

نوٹ :۔یُقَالُ / یُبَاعُ میں یہ قواعد جاری ہونے کی شرائط یہ ہیں کہ:۔

- وہ کلمہ اسم تفضیل نہ ہو۔ جیسے : اَقْوَلُ، اَبْیَعُ۔

- وہ کلمہ صفت مشبہ بروزن اَفْعَلُ نہ ہو۔ جیسے: اَسْوَدُ۔
- وہ کلمہ اسم آلہ نہ ہو۔ جیسے: مِقْوَلٌ۔
- وہ کلمہ فعل تعجب نہ ہو۔ جیسے: مَا اَقْوَلَهٗ۔

قاعدہ ۔33: قَوَلْنَ سے قُلْنَ

- جب واؤ (مفتوح یا مضموم) الف سے بدل کر اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف ہو جائے،
- تو (فعل ماضی میں) فاء کلمے کو ضمہ دینا واجب ہے۔
- جیسے قَوَلْنَ سے قَالْنَ سے قَلْنَ سے قُلْنَ

قاعدہ ۔34: خَوِفْنَ سے خِفْنَ

- جب واؤ (مکسور) الف سے بدل کر اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف ہو جائے،
- تو (فعل ماضی میں) فاء کلمے کو کسرہ دینا واجب ہے۔
- جیسے خَوِفْنَ سے خَافْنَ سے خَفْنَ سے خِفْنَ
- اور خُوِفْنَ سے خُافْنَ سے خُفْنَ سے خِفْنَ

قاعدہ ۔35: بَيَعْنَ سے بِعْنَ

- جب یاء (مکسور) الف سے بدل کر اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف ہو جائے،
- تو (فعل ماضی میں) فاء کلمے کو کسرہ دینا واجب ہے۔
- بَيَعْنَ سے بِعْنَ، بُيِعْنَ سے بِعْنَ
- جیسے بَيَعْنَ سے بَاعْنَ سے بَعْنَ سے بِعْنَ

قاعدہ ۔36: قُوِلَ سے قِيْلَ

- واؤ مکسور ما قبل مضموم ہو تو
- واو کا کسرہ ما قبل کو دے کر واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے: قُوِلَ سے قِيْلَ

قاعدہ ۔37: بُیِعَ سے بِیْعَ

- یاء مکسور ما قبل مضموم ہو
- یاء کا کسرہ ما قبل کو دے کر یاء کو ساکن کرنا واجب ہے۔
- جیسے: بُیِعَ سے بِیْعَ

مثلاً بُیِعْنَ سے بِعْنَ

1	(ب، ی، ع) فعلِ ماضی مجہول، صیغہ جمع مونث غائب، اجوفِ یائی، از باب ضرب	بُیِعْنَ
2	بُیِعْنَ میں یاء مکسور ما قبل مضموم کی وجہ سے یاء کا کسرہ ما قبل کو دے کر یاء کو ساکن کیا تو بِیْعْنَ بنا	بِیْعْنَ
3	بِیْعْنَ میں اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے یاء کو حذف کیا تو بِعْنَ حاصل ہوا	بِعْنَ

قاعدہ ۔38: بِعْ کا تثنیہ بِیْعَا

- جو حرف علت اجتماع ساکنین کی وجہ سے گر جائے، اجتماعِ ساکنین ختم ہو جانے کی صورت میں اسے واپس لانا واجب ہے۔
- جیسے: بِعْ کا تثنیہ بِعَا نہیں بلکہ بِیْعَا بنے گا۔

مثلاً

1	(ب، ی، ع) فعلِ مضارع معروف، صیغہ واحد مذکر حاظر، اجوفِ یائی، از باب ضرب، بغیر کوئی تعلیل	تَبْیِعُ
2	تَبْیِعُ میں یاء متحرک ما قبل ساکن (صحیح) ہے لہذا یاء کی حرکت ما قبل کو دے کر یاء کو ساکن کرنا واجب ہوا	تَبِیْعُ
3	فعل امر بنانے کے لئے علامتِ مضارع حذف کر کے آخر کو جزم دیا تو بِیْعْ حاصل ہوا	بِیْعْ
4	بِیْعْ میں اجتماعِ ساکنین نے یاء ساکن کو حذف کر دیا تو بِعْ حاصل ہوا	بِعْ
اب اس کا تثنیہ بناتے وقت چونکہ تَبِیْعَانِ میں اجتماعِ ساکنین نہیں ہے لہذا مذکورہ قاعدے کے تحت یاء کو واپس لانا واجب ہے، یعنی		
1	فعلِ مضارع معروف سے صیغہ تثنیہ مذکر حاظر	تَبِیْعَانِ
2	فعل امر بنانے کے لئے علامتِ مضارع حذف کر کے آخر سے نونِ اعرابی حذف کیا تو بِیْعَا حاصل ہوا	بِیْعَا

قاعدہ ۔39: قَائِلٌ، بَائِعٌ

- ہر وہ واؤ اور یاء جو اسم فاعل کے عین کلمہ میں ہو اسے ہمزہ سے بدلنا واجب ہے
- بشرطیکہ اس کے فعل ماضی میں تعلیل ہو چکی ہو۔
- جیسے: قَاوِلٌ سے قَائِلٌ، بَايِعٌ سے بَائِعٌ۔

نوٹ: " فعل ماضی میں تعلیل ہو چکی ہو" سے یہ مراد ہے کہ

ق، و، ل سے باب نصر کا فعلِ ماضی قَوَلَ تھا جو تعلیل کے بعد قَالَ ہوا، لہٰذا اب اگر

ق، و، ل سے باب نصر کا اسم فاعل (قَاوِلٌ) بنے گا تو اس کے واؤ کو ہمزہ سے بدل کر (قَائِلٌ) کرنا واجب ہوگا۔

نوٹ: اگر" فعل ماضی میں تعلیل نہ ہوئی ہو" تو

"مُقَاوِمٌ" بھی اسم فاعل ہے لیکن اس میں واؤ کو ہمزہ سے نہیں بدلیں گے کیونکہ اس کے ماضی میں تعلیل نہیں ہوئی۔

یعنی:

ق، و، م سے باب مفاعلۃ کا فعل ماضی قَاوَمَ تھا، جس میں کوئی تعلیل نہیں ہوئی، لہٰذا اب اگر

ق، و، م سے باب مفاعلۃ کا اسم فاعل ("مُقَاوِمٌ") بنے گا تو اس کے واؤ کو ہمزہ سے نہیں بدلا جائے گا۔

قاعدہ ۔40: صِوَامٌ سے صِيَامٌ

- جو وہ واؤ ما قبل مکسور، مصدر کے عین کلمہ میں ہو تو واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے
- بشرطیکہ اس کے فعل ماضی میں تعلیل ہو چکی ہو۔
- جیسے: صِوَامٌ سے صِيَامٌ (اس کا فعل ماضی "صَوَمَ" تھا جو تعلیل کے بعد "صَامَ" ہوا)
- جیسے: قِوَامٌ سے قِيَامٌ (یہ ق، و، م مادّے سے باب نصر کے "قَامَ يَقُوْمُ" کا مصدر ہے)

نوٹ:

باب مُفَاعَلَة کے مصدر (قِوَامٌ) میں واؤ کو یاء سے تبدیل نہیں کیا جائے گا کیونکہ
اس کے فعل ماضی (قَاوَمَ) میں تعلیل نہیں ہوتی۔

قاعدہ ۔41: رِوَاضٌ سے رِیَاضٌ

- جو وہ واؤ ما قبل مکسور، جمع کے عین کلمہ میں ہو تو واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے
- جیسے: رَوْضٌ کی جمع رِوَاضٌ سے رِیَاضٌ
- اور: جَیِّدٌ کی جمع جِوَادٌ سے جِیَادٌ

اس کی خاص شرط یہ ہے کہ اس واؤ کے بعد الفِ جمع ہو۔ جیسے رِوَاضٌ، جِوَادٌ میں ہے۔

قاعدہ ۔42: سَیْوِدٌ سے سَیِّدٌ

- اگر کسی کلمہ میں واؤ اور یاء ایک ساتھ آجائیں
- اور ان میں پہلا ساکن ہو جیسے سَیْوِدٌ
- تو واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کرنا واجب ہے یعنی سَیْوِدٌ سے سَیْیِدٌ پھر سَیِّدٌ
- جیسے: جَیْوِدٌ سے جَیِّدٌ
- جیسے: قُوَیْوِلٌ سے قُوَیِّلٌ

ناقص کے قواعد:

قاعدہ ۔43: دُعَاوٌ سے دُعَاءٌ

- لام کلمہ میں واؤ یا یاء ، الف زائدہ کے بعد واقع ہوں تو انہیں ہمزہ سے بدلنا واجب ہے
- ناقصِ واوی جیسے: دُعَاوٌ سے دُعَاءٌ اور
- اَسْمَاوٌ سے اَسْمَاءُ (جو کہ اِسْمٌ کی جمع ہے)
- ناقصِ یائی جیسے: رِدَایٌ سے رِدَاءٌ

اس کی خاص شرط یہ ہے کہ واؤ یا یاء کلمہ کے آخر میں ہوں

قاعدہ ۔44: دَعَوَ سے دَعَا

- لام کلمہ میں واؤ متحرک ما قبل مفتوح تو واؤ کو الف سے بدلنا واجب ہے
- جیسے: دَعَوَ سے دَعَا

قاعدہ ۔45: یَخْشَیُ سے یَخْشٰی

- لام کلمہ میں یاء متحرک ما قبل مفتوح تو یاء کو الف سے بدلنا واجب ہے
- جیسے: یَخْشَیُ سے یَخْشٰی

قاعدہ ۔46: یُدْعَوُ سے یُدْعٰی

- لام کلمہ میں واؤ ما قبل مفتوح تیسرے حرف کے بعد واقع ہو تو واؤ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے: یُدْعَوُ سے یُدْعَیُ
- اب یُدْعَیُ میں (یَخْشَیُ / یَخْشٰی) کے قاعدے کے تحت یاء کو الف سے بدلا تو یُدْعٰی بنا۔
- اسی طرح: یَرْضَوُ سے یَرْضَیُ پھر یَرْضٰی
- اسی طرح: اِسْتَدْعَوَ سے اِسْتَدْعَیَ پھر اِسْتَدْعٰی

اس قاعدے کی خاص شرط یہ ہے کہ یہ واؤ کلمہ میں تیسرے حرف کے بعد واقع ہو۔

- جیسے یُدْعَوُ میں واؤ چوتھی جگہ پر ہے۔

اہم بات یہ کہ واؤ کو یاء سے بدلنے پر یاء کو وہی حرکت دی جائے گی جو واؤ کی تھی، حتیٰ کہ اگر واؤ ساکن تھا تو یاء بھی ساکن ہوگا

- جیسے اِسْتَعْلَوْتُ سے اِسْتَعْلَیْتُ

قاعدہ ۔47: يَدْعُوُ سے يَدْعُوْ

- لام کلمہ میں واؤ مضموم ما قبل مضموم تو واؤ کو ساکن کرنا واجب ہے
- بشرطیکہ اس کے بعد واؤ مدہ نہ ہو
- جیسے: يَدْعُوُ سے يَدْعُوْ

قاعدہ ۔48: يَدْعُوُوْنَ سے يَدْعُوْنَ

- لام کلمہ میں واؤ مضموم ما قبل مضموم ہو اور اس کے بعد '' واؤِ جمع '' ہو تو
- واؤ کا ضمہ ما قبل کی طرف نقل کرکے واؤ کو اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف کرنا واجب ہے
- جیسے: يَدْعُوُوْنَ سے يَدْعُوْوْنَ پھر يَدْعُوْنَ

قاعدہ ۔49: تَدْعُوِيْنَ سے تَدْعِيْنَ

- لام کلمہ میں واؤ مکسور ما قبل مضموم ہو اور اس کے بعد یائے متکلم ہو تو
- واؤ کی حرکت ما قبل کو دے کر واؤ کو ساکن کرنا واجب، یعنی تَدْعُوِيْنَ سے تَدْعِوْيْنَ
- پھر واؤ کو کسرہ کے بعد واقع ہونے کی وجہ سے یاء سے بدلنا واجب، یعنی تَدْعِوْيْنَ سے تَدْعِيْيْنَ
- پھر اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے اس یاء کو حذف کرنا واجب ہے۔ یعنی تَدْعِيْنَ

قاعدہ ۔50: يَرْمِيُ سے يَرْمِيْ

- لام کلمہ میں یاء مضموم ما قبل مکسور تو یاء کو ساکن کرنا واجب ہے
- بشرطیکہ اس کے بعد واؤ مدہ نہ ہو
- جیسے: ، يَرْمِيُ سے يَرْمِيْ۔

- اور: اَلْقَاضِیُ سے اَلْقَاضِیْ۔

قاعدہ ۔51: یَرْمِیُوْنَ سے یَرْمُوْنَ

- لام کلمہ میں یاء مضموم ما قبل مکسور ہو
- اور اس کے بعد'' واوِ جمع'' ہو تو
- یاء کا ضمہ ما قبل کی طرف نقل کر کے یاء کو اجتماع ساکنین کی وجہ سے حذف کرنا واجب ہے
- جیسے: یَرْمِیُوْنَ سے یَرْمُیْوْنَ پھر یَرْمُوْنَ
- خَشِیُوْا سے خَشُوْا
- رُمِیُوْا سے رُمُوْا۔

قاعدہ ۔52: دُعِوَ سے دُعِیَ

- لام کلمہ میں واوٗ متحرک ما قبل مکسور ہو تو واوٗ کو یاء سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے: دُعِوَ سے دُعِیَ

اس کی خاص شرط یہ ہے کہ واوٗ، کلمہ کے آخر میں ہو۔

قاعدہ ۔53: نَھُیَ سے نَھُوَ

- لام کلمہ میں یاء متحرک ما قبل مضموم ہو تو یاء کو واوٗ سے بدلنا واجب ہے۔
- جیسے: نَھُیَ سے نَھُوَ

اس کی خاص شرط یہ ہے کہ یاء، کلمہ کے آخر میں ہو۔

کسی بھی غلطی کی نشاندہی کے لئے رابطہ کر کے تصحیح فرمائیں

علامہ سید اویس امجدی 03114999126،03114999125

مفتی محمد جمیل احمد نوری 03116632625

کتابت اور تکنیکی غلطیوں کی اصلاح اور مفید مشوروں کے لئے خاکسار کو ضرور اطلاع کریں

منصور بن عبد الباری عطاری 03166010911